## سوال

(281) مردے کا خواب میں کوئی چیز مانگنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

اگر مردہ خواب میں کوئی چیز مانگے تو لوگ اس چیز کو استعمال کرنا اچھا نہیں سمجھتے کسی اور کو دے دیتے ہیں کیا ایسا کرنا محض وہم ہے یا وہ چیز خیرات کر دینی چاہیے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

یہ محض توہم پرستی ہے میت کی طرف سے صدقہ کرنا ہر حالت میں مسنون ہے چاہے اس شے کا صدقہ کیا جائے یا کسی اور کا۔ امام المعرین ابن سیرین رحمة الله علیہ فرماتے ہیں۔

بحالت خواب مردوں سے کوئی شے لینی محبوب ہے لیکن دینی غیر محبوب صاحب الاشارات "فرماتے ہیں بشرطیکہ اخذ کی صورت میں زہر یلی شے نہ ہواور اعطاء کی جملہ دجوہات غیر محمود ہیں الا یہ کہ مکروہ گزشتہ جنس سے ہو اس سے مقصود زوال ہم و غم ہے۔ "(برھوامش تعطیر الانام ص :278)

ھذا ما عندي والله اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

# ج1ص577

محدث فتویٰ